© rasailojaraid.com

افکار احرار

# اسوۂ سلیمانی

غزوہ بدر کی روایتوں کی تنقید کے سلسلے میں ایک مقام پر اس نافہم ہیچمداں کے خطاء کار قلم سے حضرت کعب بن مالک صحابی رضی اللہ عنہ کی روایت پر نامناسب تنقید لکھی گئی تھی۔ جس سے ایک گھرانہ کے ایک جلیل القدر صحابی رضی اللہ عنہ کی شان میں سوءِ ظن کا پہلو پیدا ہوتا تھا۔ جس پر مجھے شرمندگی ہے۔

اور اب میں اپنی اس غلطی و نادانی کو مان کر اس عبارت کو قلم زد کر کے صحابی رسول ﷺ کی براءت کرتا ہوں اور اللہ تعالی سے عفو کا خواستگار ہوں۔

بندہ ہماں بہ کہ زتقصیر خویش
عذر بہ درگاہ خدا آورد

(سیرت النبی جلد اول۔ دیباچہ طبع چہارم)
از خامۂ عنبر شمامہ سید سلیمان ندوی

© rasailojaraid.com